Narration	Time
LibreOffice Draw میں Import and Export Images پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید.	00:01
اس ٹیوٹوریل میں، آپ ایک Draw پیج میں تصاویر import یعنی درآمد کرنے اور مختلف فائل فارمیٹس کی شکل میں ایک Draw فائل کو سیو کرنا سیکھیں گے.	00:06
ہم Draw میں دونوں vector اور bitmap یا raster images، import اور export کر سکتے ہیں.	00:16
یہاں ہم استعمال کر رہے ہیں: اوبنٹو لینکس ورژن 10.04 اور LibreOffice سویٹ ورژن 3.3.4.	00:23
'RouteMap' فائل کھولتے ہیں	00:32
اس ٹیوٹوریل کے مقصد کے لئے، 'WaterCycle' ڈرائنگ کی ایک JPEG' فائل پہلے سے ہی بنائی گئی ہے اور ڈیسک ٹاپ پر سیو کی گئی ہے۔	00:35
ہم Draw فائل میں اس image کو import کرتے ہیں.	00:46
اس image کو بند کریں	00:49
سب سے پہلے، آپ اُس page کو منتخب کریں جس میں آپ اس تصویر کو import کرنا چاہتے ہیں	00:52
ایک نیا پیج داخل کریں اور اسے منتخب کریں۔	00:57
vector یا bitmap اِمیجس درآمد کرنے کیلئے، Insert ٹیب پر کلک کریں اور Picture کو منتخب کریں.	01:01
پھر From File پر کلک کریں.	01:08
Insert picture ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے.	01:10
اب ہم .Water Cycle.jpeg منتخب کرتے ہیں۔	01:14
اگر ہم Open پر کلک کرتے ہیں تو تصویر ہمارے Draw فائل میں حقیقی طور پر ایمبیڈ یعنی داخل ہو جائے گی.	00:17
اگر ہم یہاں Link باکس کو چیک کریں، تو تصویر path کے ذریعے منسلک ہو جائے گی۔.	01:24
Open پر کلک کریں.	01:29
ایک میسیج ظاہر ہوتی ہے جو کہتی ہے کہ اِمیج، link کے طور پر اسٹور ہوگی۔	01:32
Keep Link پر کلک کریں.	01:37
اِمیج، Draw فائل میں ایک لنک کے طور پر داخل کی جائے گی.	01:40

لنکس کو آسانی سے ختم بھی کیا جا سکتا ہے.	01:44
مین مینو میں جائیں، Edit منتخب کریں اور ا پھر Link پر کلک کریں.	01:48
Edit Links ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے.	01:53
یہ ڈائلاگ باکس، Draw فائل کی تمام لنکس کی فہرست دیتا ہے.	01:57
تصویر کے لئے WaterCycle لنک پر کلک کریں.	02:02
Break Link پر کلک کریں.	02:06
Draw ایک تصدیقی میسیج ظاہر کرے گا۔ Yes پر کلک کریں.	02:09
لنک ہٹ چکا ہے .اب، Close بٹن پر کلک کریں.	02:14
لیکن، آپ دیکھیں گے تصویر اب بھی فائل میں موجود ہے۔	02:20
جب آپ ایک لنک کو توڑتے ہیں، تصویر خود کار طریقے سے Draw فائل میں ایمبیڈ ہو جاتی ہے۔	02:25
اب اس تصویر کو ڈلیٹ یعنی حذف کرتے ہیں . تصویر منتخب کریں اور کر Delete بٹن دبائیں.	02:31
یہاں آپ کے لئے ایک مشق ہے.	02:39
دو Draw فائلس بنائیں.	02:42
ایک فائل میں ایک تصویر داخل کریں اور اسے سیو کریں.	02:44
دوسری فائل میں ایک تصویر ایمبیڈ کریں اور اس کو سیو کریں	02:48
دونوں فائلس کے سائز کا موازنہ کریں.	02:52
جس فائل میں آپ نے تصویر لنک کی ہے، اُس میں تصویر کا سائز تبدیل کریں.	02:55
جانچیں کہ کیا تبدیلی اصل فائل میں بھی جھلکتی ہے	03:00
اب WaterCycle ڈائیگرام کو اس فائل میں Draw اِمیج کے طور پر import کرتے ہیں	03:05
مین مینو میں سے، Insert پر کلک کریں اور File منتخب کریں.	03:13
Insert File ڈائلاگ باکس کو کھلتا ہے.	03:18
فہرست سے Draw فائل WaterCycle.odg منتخب کریں	03:21
Open پر کلک کریں.	03:28
Insert slides/objects ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے.	03:30

03:34	اب فائل path کی ساتھ والی پلس علامت پر کلک کریں۔
03:38	آپ سلائیڈوں کی ایک فہرست دیکھیں گے.
03:41	ہم WaterCycle ڈایاگرام والی پہلی سلائڈ کو منتخب کرتے ہیں.
03:46	آپ Page داخل کر سکتے ہیں یا object کو link کے طور پر داخل کر سکتے ہیں.
03:51	ایسا کرنے کے لیے، صرف Link چیک باکس پر کلک کریں.
03:55	OK پر کلک کریں.
03:57	ایک تصدیقی ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے جو پوچھتا ہے کہ کیا آبجیکٹس کو نئے فارمیٹ میں فٹ ہونا چاہئے۔
04:05	Yes پر کلک کریں.
04:07	سلائڈ، فائل میں ایک نئے پیج میں داخل ہو جاتی ہے۔
04:12	اب، ہم Draw سے تصاویر کو export یعنی برآمد کرنا سیکھیں گے.
04:17	Draw میں Export یعنی برآمد کرنے کا مطلب Draw فائل یا Draw فائل کے پیج یا Draw میں آبجیکٹ کو کسی دوسرے فارمیٹ میں تبدیل کرنے کو کہتے ہیں۔
04:29	مثلاً Draw فائل کو 'PDF', 'HTML', 'JPEG' یا bitmap فائل میں بدل سکتے ہیں
04:39	PDF, Flash اور HTML فائل فارمیٹس ہمیشہ مکمل Draw فائل ایکسپورٹ کرتے ہیں۔
04:47	'RouteMap' فائل کو minimize کرتے ہیں.
04:51	کیا آپ سوچتے ہیں کہ ہم نے Draw کی WaterCycle ڈایاگرام کو JPEG فارمیٹ میں تبدیل کیسے کیا۔
04:58	میں سمجھاتا ہوں
05:01	WaterCycle فائل کھولیں
05:05	پھر، Pages پینل سے، 'WaterCycle' ڈایاگرام والے پیج کو منتخب کریں۔
05:11	مین مینو میں سے، File پر کلک کریں اور Export منتخب کریں.
05:16	Export ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے.
05:18	Filename فیلڈ میں "WaterCycleDiagram" نام درج کریں.
05:24	Places پینل سے، براؤز کریں اور ڈیسک ٹاپ منتخب کریں.

05:29	File typeفیلڈ میں،ہم JPEG آپشن منتخب کریں گے . لیکن اگر آپ چاہیں توDrawفائل کوکسی بھی فارمیٹ میں save کر سکتے ہیں.
05:38	Selectionکے چیک باکس کو چیک کریں.
05:42	saveپرکلک کریں.
05:43	JPEG آپشن ڈائلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے.
05:47	اس ڈائیلاگ باکس میں منتخب ڈ فالٹ آپشنس کو ویسے ہی رہنے دیں
05:53	OKپرکلک کریں.
05:55	'WaterCycle'ڈایاگرام والا'Draw' پیج، JPEGکے طور پر سیو ہوتا ہے۔
06:02	یہاںDrawفائل کا صرف ایک پیجJPEGمیں تبدیل ہوتا ہے۔
06:08	اگر آپPDF, Flashیا HTMLفارمیٹس میں سیو کرتے ہیں توDrawفائل کے سارے پیج ایکسپورٹ ہو جاتے ہیں۔
06:18	ہمraster images کو بھی ایڈِٹ یعنی ترمیم کر سکتے ہیں
06:22	raster images کو Formatمینو کے ذریعے فارمیٹ کیا جا سکتا ہے.
06:26	آپ بھی ان تصاویر میں ترمیم کرنے کے لئے Pictureٹول بار استعمال کر سکتے ہیں.
06:31	اسی کے ساتھ ہم اس ٹیوٹوریَل کے اختتام پر آ گئے ہیں
06:37	اس ٹیوٹوریل میں، آپ نے اِمیجس یعنی تصاویرکو importیعنی درآمد اور exportیعنی برآمد کرنا اور Draw آبجیکٹس کو مختلف فارمیٹس میں سیو کرنا سیکھا
06:47	یہاں آپ کے لئے ایک مشق ہے.
06:50	آپ انفرادی آبجیکٹس یا منتخب شدہ آبجیکٹس کے ایک گروپ کو بھی export کر سکتے ہیں.
06:56	WaterCycle' Drawفائل سے صرف بادلوں اور پہاڑوں کوJPEGفارمیٹ میں ایکسپورٹ کریں
07:05	مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو دیکھیں .
07:09	یہ اسپوکن ٹیوٹوریَل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے
07:12	اگر آپکے پاس اچھی بینڈ وڈتھ نہ ہو پر آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں۔
07:17	اسپوکن ٹیوٹوریَل پروجیکٹ ٹیم

07:20	اسپوکن ٹیوٹوریلس کا استعمال کرتے ہوئے ورکشاپ چلاتی ہے
07:23	اور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو سند دیتے ہیں
07:28	مزید معلومات کے لئے، contact at spoken hyphen tutorial dot org پر لکھیں.
07:35	اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک ٹو اے ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے
07:40	یہ ایم ایچ آر ڈی، حکومت ہند کے آئی سی ٹی کے ذریعے قومی خواندگی مشن کی طرف سے حمایت شدہ ہے.
07:48	اس مشن پر مزید معلومات spoken hyphen tutorial dot org slash NMEICT hyphen Intro پر دستیاب ہیں.
08:01	اس اسکرپٹ کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے، شامل ہونے کیلئے آپکا شکریہ۔